پریس ریلیز

LGH/PGMI/AMC
Zahid Ph: 0304-4040225

جنرل ہسپتال میں "انفیکشن فری لوگو" کی تقریب رونمائی ، ڈاکٹروں و نرسوں کی بھرپور شرکت

صاف ستھرا ماحول مریضوں کی جلد صحت یابی میں معاون ثابت ہوتا ہے :پرنسپل پی جی ایم آئی

ملازمین کو عہد کرنا ہوگا کہ وہ ایل جی ایچ کو انفیکشن فری بنانے کے لئے اپنا موثر کردار ادا کریں گے

حکومت اور لوگوں کی توقعات پر پورا اترنا میرا مشن ، ماڈل علاج گاہ بنانے میں کوئی کسر اٹھانہیں رکھی جائے گی

بیمار اور تیماردار دونوں میں حفظان صحت کے اصولوں کے متعلق شعور اجاگر ہونا ضروری ہے :پروفیسر الفرید ظفر

صرف ہاتھ دھونے سے کئی بیماریوں سے محفوظ رہا جا سکتا ہے : طبی ماہرین کی گفتگو

لاہور 17فروری:......لاہور جنرل ہسپتال میں مریضوں ولواحقین کو کسی بھی قسم کے انفیکشن سے پاک ماحول فراہم کرنے کے لئے "لوگوفری انفیکشن" کی تقریب رونمائی اور آگاہی واک کے شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ وامیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ ہسپتالوں میں انفیکشن فری ماحول کی فراہمی معیاری صحت کی سہولیات کا بنیادی جزو ہے کیونکہ جراثیم سے پاک ماحول کے بغیر مریضوں کی صحت یابی میں طویل وقت لگنے کے علاوہ اینٹی بائیوٹک اور دیگر ادویات کا استعمال بڑھ جاتا ہے جبکہ ہسپتالوں کے بیڈ بھی مریضوں کے زیادہ استعمال میں رہتے ہیں ۔اس موقع پر فیکلٹی ممبران ،ایم ایس ڈاکٹر محمود صلاح الدین، ڈاکٹرز ،نرسیں اور پیرامیڈیکس کثیر تعداد میں موجود تھے۔ پروفیسر فاروق افضل، ڈاکٹر محمود صلاح الدین، ڈاکٹر آمنہ آصف، ڈاکٹر رانا شفیق، ڈاکٹر عرفان ملک، رقیہ بانو سمیت مختلف شعبوں کے سینئر ڈاکٹرز نے انفیکشن سے بچاؤ کے متعلق شرکاء کو تفصیلاً آگاہ کیا۔

پرنسپل پی جی ایم آئی نے کہا کہ آج ادارے کے تمام ملازمین کو اس امر کا عہد کرنا ہوگا کہ وہ ایل جی ایچ کو انفیکشن فری بنانے کے لئے اپنا موثر کردار ادا کریں گے تا کہ ہسپتال میں آنے والے ہر شخص کو صحت مند ماحول میسر آ سکے ۔انہوں نے کہا کہ حکومت اور لوگوں کی توقعات پر پورا اترنا میرا مشن ہے لہذا ڈاکٹروں ،نرسوں و پیرامیڈیکل سٹاف کے تعاون سے اس ہسپتال کو ماڈل علاج گاہ بنانے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی۔ پروفیسر الفرید ظفر نے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر محمود صلاح الدین، انتظامی ڈاکٹرز ،ہی ایس ایس ڈی اور ایم ایس ڈی ایس کی ٹیم کی کارکردگی کو سراہا جنہوں نے سرکاری سطح پر اس ہسپتال میں "لوگوفری انفیکشن" جاری کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ بیمار اور تیماردار دونوں میں حفظان صحت کے اصولوں کے متعلق شعور اجاگر ہونا ضروری ہے تا کہ وہ اس پر عمل کرتے ہوئے ہسپتال کے ہر کونے کو حشرات سے پاک رکھیں ۔انہوں نے کہا کہ صرف ہاتھ دھونے سے کئی بیماریوں سے محفوظ رہا جا سکتا ہے۔میڈیکل کے شعبے سے وابستہ ہر شخص کی ذمہ داری ہے وہ ان اصولوں پر نہ صرف خود عمل کرے بلکہ دوسروں سے بھی عمل کروائے۔ پرنسپل پی جی ایم آئی نے بتایا کہ ڈاکٹروں ،نرسنگ سٹاف اور پیرامیڈیکس کی استعداد کار میں اضافے کے لئے تربیتی ورکشاپس ہوں گی جنہیں علاج کے ساتھ ساتھ بیماریوں کی روک تھام کے بارے میں بھی لیکچرز دیے جائیں گے۔ پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ مریض اور انسانیت کی خدمت کے رشتے کو مضبوط بنانے کے لئے بھرپور اقدامات اٹھائے جائیں گے تا کہ صاف ستھرا ماحول مریضوں کی جلد صحت یابی میں معاون ثابت ہو سکے۔انہوں نے کہا کہ یہ تنہا کرنے کا کام نہیں بلکہ اس کے لئے اجتماعی کوششیں جاری رکھیں گے کیونکہ صحت مند معاشرے کی تشکیل کے لئے مسلسل عمل کی ضرورت ہے۔

☆☆☆☆

پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر جنرل ہسپتال میں انفیکشن فری لوگو کی رونمائی اور آگاہی واک کی قیادت کر رہے ہیں